**MILITARY LANDS & CANTONMENTS DEPARTMENT**
**CANTONMENT BOARD MALIR**
**BOSTAN LINES MALIR CANTONMENT**
Tele No.021-99247077, Fax No.021-99247066
Email:pa.cbmalir@gmail.com

No.MLR/Auction of Hall/ 3208 Dated the 25/11 November 2024

To

*The Assistant Director,*
*Press Information Department, (PID)*
*4th Floor, Shafi Court, Civil Line Merewether Road,*
*Karachi Contact # 021-99203363.*

**Subject:** **ADVERTISMENT- AUCTION NOTICE**

Please arrange to publish the attached advertisement (Public Notice Open Public Auction) on 30 November, 2024 in the National Dailies i.e 01x Urdu Newspaper and 01x English Newspaper.

2. The Advertisement may please be covered in minimum space and publish on inner page.

3. Payment for same shall be made on receipt of tear sheet of advertisement alongwith bill.

**Encl: (As above)**

**Cantonment Executive Officer**
**Malir Cantonment**

Copy to:-

1. ***Accountant***
2. ***Revenue Supdt***
3. ***Master File***

CamScanner

# کنٹونمنٹ بورڈ ملیر

## ﴿سرمایہ کاری کا سنہری موقع﴾

عوام الناس کو بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ اپنے درج ذیل منظور شدہ (تعمیر ہونے والے) کمرشل ہال کی (Design Auction) پریمیم (ناقابل واپسی) اور ماہانہ کرایہ کی بنیاد پر نیلام عام مورخہ 17 دسمبر 2024 بوقت 02:00 بجے دن کو دفتر کینٹونمنٹ بورڈ ملیر میں کررہا ہے۔ مذکورہ تاریخ کو اگر ناگزیر وجوہات کی بنا پر نیلام عام نہ ہو سکا یا مناسب بولی نہ آنے کی صورت میں تو دوبارہ نیلام عام مورخہ 18 دسمبر 2024 بوقت 02:00 بجے منعقد ہوگا۔ خواہشمند حضرات اس سنہری موقع سے فائدہ اٹھانے کے لئے مذکورہ نیلام عام میں شرکت فرمائیں۔ دیگر تفصیلات درج ذیل ہے۔

| نمبر شمار | ہال نمبر | فلور | رقبہ (کم و بیش) | زرضمانت / کال ڈیپازٹ فی ہال |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | ہال نمبر 1 نزد گریژن مسجد عزیز بھٹی شہید روڈ | گراؤنڈ + فرسٹ فلور | 3720.00 Sft | 20,00,000/- روپے |
| ۲ | ہال نمبر 2 نزد گریژن مسجد عزیز بھٹی شہید روڈ | گراؤنڈ + فرسٹ فلور | 3720.00 Sft | 20,00,000/- روپے |

### نیلامی کی شرائط وضوابط درجہ ذیل ہیں

۱۔ ہر کمرشل ہال کی بولی علیحدہ علیحدہ ہوگی اور ہر بولی دہندہ بولی دینے سے پہلے مبلغ -/20,00,000 روپے کا کال ڈپازٹ (علیحدہ علیحدہ) بمعہ ایک عدد کمپیوٹرائز شناختی کارڈ کی کاپی بنام زیر دستخطی جمع کرائے گا جس پر اس کا موبائل نمبر بھی تحریر ہوگا جو کہ ناکامی کی صورت میں قابل واپسی ہوگا۔

۲۔ ہر کمرشل ہال کی نیلامی کا آغاز الگ الگ سرکاری بولی سے کیا جائے گا جس کا موقع پر اعلان کیا جائے گا۔

۳۔ کامیاب بولی دہندہ کے علاوہ دوسرے نمبر پر زیادہ بولی دینے والے شخص کی زرضمانت دفتر ہذا میں جمع رہے گی۔ اگر سب سے زیادہ بولی دینے والا کمرشل ہال لینے میں ناکام رہا اور شرائط پوری نہ کر سکا تو اس کی جمع شدہ رقم بحق کینٹونمنٹ بورڈ ملیر ضبط کر لی جائے گی۔ اسی طرح دوسرے نمبر پر جو زیادہ بولی دینے والے کو اگر کینٹ بورڈ offer کرتا ہے تو وہ کمرشل ہال لینے کا پابند ہوگا۔ اگر دوسرے نمبر والا بھی نیلامی کی شرائط وضوابط سے احتراز کرتا ہے یا بقایا رقم جمع کروانے میں ناکام ہوتا ہے تو اس کی جمع شدہ رقم / زرضمانت بھی بحق کینٹ بورڈ ملیر ضبط کر لی جائے گی۔ اور کمرشل ہال کی بولی منسوخ کر کے دوبارہ نیلامی کرائی جائے گی مگر اوپر بیان کردہ دونوں اشخاص یا ان کی جگہ پر دیگر کوئی شخص نیلامی میں حصہ نہ لے سکے گا۔

۴۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی کے اختتام پر کل بولی کی رقم کا 25% یا 1/4 اسی دن لازمی جمع کرانا ہوگا۔

۵۔ کامیاب بولی دہندہ کو کل بولی کی رقم کا 50% رقم بمع انکم ٹیکس (گورنمنٹ کے مروجہ قانون کے مطابق) بورڈ کی منظوری کے بعد 30 یوم کے اندر اندر جمع کرانا ہونگے اور بقایا 25% بورڈ کی منظوری کے 90 دن کے اندر جمع کرانے ہونگے۔ بصورت دیگر زرضمانت بمع جمع شدہ بولی کی رقم بحق کینٹ بورڈ ملیر ضبط ہو جائے گی۔

۶۔ کمرشل ہالز کی نیلامی پریمیم (ناقابل واپسی) کی بنیاد پر کی جائے گی۔ جب کہ کمرشل ہالز کے گراؤنڈ فلور کا ماہانہ کرایہ -/Rs.30 روپے فی مربع فٹ اور فرسٹ فلور کا کرایہ -/Rs.25 روپے فی مربع فٹ ہوگا۔

۷۔ کنٹونمنٹ بورڈ کمرشل ہالز کی تعمیرات نیلامی کی پریمیم کی وصولی کے بعد شروع کرے گا اور تعمیر شدہ کمرشل ہال بمعہ فٹنگ کینٹونمنٹ بورڈ ملیر کی ملکیت ہوگی اور اس مد میں کسی قسم کا کوئی دعویٰ قابل قبول نہیں ہوگا۔

۸۔ تمام کمرشل ہال کے حقوق کرایہ داری کینٹونمنٹ بورڈ پراپرٹی رولز 1957 کے تابع ہوگی۔ نیز معیاد کرایہ داری شروع میں پہلے 5 سال کے لئے ہوگی۔ اس کے بعد ہر تین سال بعد تجدید ہوگی۔ کرائے میں سالانہ 10% اضافہ ہوگا یا جیسا کہ بورڈ اس وقت کے معاشیات کو دیکھ کر طے کرے گا۔

۹۔ ماہانہ کرایہ کمرشل ہال کی حوالگی (Handing taking) کے دن سے شروع ہوگا۔

۱۰۔ کامیاب بولی دہندہ دوران معیاد کرایہ داری کمرشل ہال بعد از منظوری کینٹ بورڈ کسی دوسرے کرایہ دار کے نام منتقل کر سکے گا۔ اور مجاز اتھارٹی کی تحریری اجازت کے بغیر sublet نہ کر سکے گا۔

۱۱۔ کامیاب بولی دہندہ کمرشل ہال کا قبضہ ملنے کے بعد جس کاروبار کے لئے یہ ہال دیئے جائیں گے۔ اس ہال میں وہی کاروبار ہوگا یا کوئی بھی دوسرا کاروبار کرنے کے لئے بورڈ کی منظوری لازمی ہو گی بصورت دیگر کینٹونمنٹ بورڈ ایگزیکٹو آفیسر کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ پاکستان کینٹونمنٹ پراپرٹی رولز 1957 کے رولز 9 کے ذیلی شق 2(iii)c کے تحت معاہدہ ختم کرنے کا مجاز ہوگا۔

۱۲۔ تعمیر کے بعد کمرشل ہال کے اندر ہر قسم کی تنصیبات فٹنگ فرنیچر اور سالانہ رنگ و روغن اور ضروری مرمت وغیرہ کرایہ دار کی ذمہ داری ہوگی اور ہال کی عمارت میں بورڈ کی منظوری کے بغیر کوئی تعمیراتی ردوبدل نہیں کرے گا۔ اس سلسلے میں کسی قسم کا کوئی دعویٰ قابل قبول نہیں ہوگا۔

۱۳۔ پانی بجلی، گیس وغیرہ کے حصول کے لئے کرایہ دار خود متعلقہ اداروں سے کنکشن حاصل کرے گا جس کے لئے ضروری اجازت نامہ (NOC) دفتر کینٹونمنٹ بورڈ ملیر سے حاصل کیا جا سکے گا تمام یوٹیلٹی بلز کی بروقت ادئیگی کرایہ دار کی ذمہ داری ہوگی۔

۱۴۔ کامیاب بولی دہندہ کینٹ بورڈ کے قوائد وضوابط جو کہ بورڈ وقتاً فوقتاً جاری کرے گا ان پر عمل کرنے کا پابند ہوگا اور وہ ماہوار کرایہ ہر ماہ کی پانچ تاریخ تک پیشگی ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ بصورت دیگر دفتر ہذا ہال سیل کرنے کا مجاز ہوگا۔

CS CamScanner

۱۵۔ کامیاب بولی دہندہ نیلامی کی منظوری اور تمام بقایاجات جمع کرانے کے بعد 30 یوم کے اندر اندر کینٹ بورڈ کے ساتھ اسٹامپ پیپر یا ای اسٹامپ پیپر پر معاہدہ اپنے خرچ پر تحریر کرے گا اور معاہدہ کرایہ داری کی رجسٹریشن ایکٹ 1908 کے تحت سب رجسٹرار کے پاس رجسٹرڈ کرائے گا۔

۱۶ زیردستخطی اور کینٹونمنٹ بورڈ کسی بھی بولی کو تکنیکی بنیاد پر PPRA رولز کے مطابق وجہ بتائے بغیر مسترد کرنے کا مجاز ہوگا۔

۱۷۔ کینٹ بورڈ ملیر کے نادہندگان اس نادر موقع سے فائدہ اٹھانے کے اہل نہیں ہونگے۔ یعنی نیلامی میں حصہ نہیں لے سکیں گے۔

۱۸۔ دیگر معلومات دفتر ہذا سے دفتری اوقات کار میں حاصل کی جاسکتی ہیں نیز مذکورہ بالا اشتہار PPRA ویب سائٹ www.ppra.org.pk پر ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

المشتہر:

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

ملیر کنٹونمنٹ

فون نمبر: 021-99247077، فیکس نمبر: 021-99247066

CamScanner